# روزہ کی اہمیت کے متعلق نبی اکرم (ص) کی چند احادیث

<"xml encoding="UTF-8?>

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

## روزہ بدن کی زکاۃ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله و سلم:لکل شیئی زکاة و زکاة الابدان الصیام.
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: ہر چیز کے لئے زکواۃ ہے اور بدن کی زکاۃ روزہ ہے.
(الکافی، ج 4، ص 62، ح 3 )

## روزہ آتش دوزخ کی ڈہال

قال رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله و سلم:الصوم جنة من النار.
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: روزہ جہنم کی آگ کے مقابلے میں ڈہال کی حیثیت رکہتا ہے.
«یعنی روزہ رکہنے کے واسطے سے انسان آتش جہنم سے محفوظ ہو جاتا ہے.»
(الکافی، ج 4 ص 162 )

## روزہ کی اہمیت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله و سلم:الصوم فی الحَرِّ جهاد
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: گرمی میں روزہ رکہنا جہاد ہے.
(بحار الانوار، ج 96، ص 257 )

## روزے کی جزا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله و سلم: قال اللہ تعالی الصوم لی و انا اجزی به
رسول خدا نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے: روزہ میرے لئے ہے (اور میرا ہے) اور اس کی جزا میں ہی دیتا ہوں.
(وسائل الشیعة ج 7 ص 294، ح 15 و 16 ; 27 و 30 )

## طعام و شرابِ جنت نوش کرنے والے

قال رسول الله صلی الله علیه و آله و سلم:من منعه الصوم من طعام یشتهیه کان حقا علی الله ان یطعمه من طعام الجنة و یسقیه من شرابها.

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: جس شخص کو روزہ اس کی مطلوبہ غذاؤں سے منع کرکے رکھے خدا کی ذمہ داری ہے کہ اس کو جنت کی غذائیں کھلائے اور انہیں جنیتی شراب پلا دے.

(بحار الانوار ج 93 ص 331 )

## خوشا بحال صائمین

قال رسول الله صلی الله علیه و آله و سلم:طوبی لمن ظما او جاع لله اولئک الذین یشبعون یوم القیامة

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: خوش بخت ہیں وہ لوگ جو خدا کے لئے بھوکے اور پیاسے ہوئے ہیں یہ لوگ قیامت کی روز سیر و سیراب ہونگے.

(وسائل الشیعة، ج 7 ص 299، ح2)

## جنت اور روزہ داروں کا دروازہ

قال رسول الله صلی الله علیه و آله و سلم:ان للجنة بابا یدعی الریان لا یدخل منه الا الصائمون.

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: جنت کا ایک دروازہ ہے جس کا نام ریان ہے اور اس دروازے سے صرف روزہ دار ہی داخل ہونگے.

(وسائل الشیعة، ج 7 ص 295، ح31. معانی الاخبار ص 116 )

## مؤمنوں کی بہار

قال رسول الله صلی الله علیه و آله و سلم: الشتاء ربیع المؤمن یطول فیه لیله فیستعین به علی قیامه و یقصر فیه نهاره فیستعین به علی صیامه.

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: سردیوں کا موسم مؤمن کی بہار ہے جس کی طویل راتوں سے وہ عبادت کے لئے استفادہ کرتا ہے اور اس کے چھوٹے دنوں مین روزے رکھتا ہے.

(وسائل الشیعة، ج 7 ص 302، ح 3)

## ماہ رمضان کی فضیلت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم:ان ابواب السماء تفتح فی اول لیلة من شهر رمضان و لا تغلق الی اخر لیلة منه

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم فرمود: آسمان کے دروازے ماہ رمضان کے پہلی رات کو کھلتے ہیں اور آخری رات تک بند نہیں ہوتے.

(بحار الانوار، ج 93، ص 344)

## ماہ رمضان کی اہمیت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم:لو یعلم العبد ما فی رمضان لود ان یکون رمضان السنة

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: اگر بندہ «خدا» کو معلوم ہوتا کہ رمضان کا مہینہ کیا ہے، (اور یہ کن برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے) وہ چاہتا کہ پورا سال ہی روزہ رمضان ہوتا.

(بحار الانوار، ج 93، ص 346)